
موسم گرما 2024

اسمبلی مین

# WILLIAM COLTON



## کولٹن ہمارے معیار زندگی کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں

## کولٹن بےگھر افراد کے شیلٹر کے خلاف جنگ کی سربراہی کر رہے ہیں

**یہ انتہائی واضح ہے: 86 اسٹریٹ اور 25 ایوینیو میں بےگھر افراد کا شیلٹر کھولنا ہمارے علاقے کے لئے ناقابل قبول ہے!**




### سٹی ہال کے باہر ہزاروں لوگ احتجاج کر رہے ہیں

گرج چمک اور برسات کے دوران ہزاروں مظاہرین 2501 86 اسٹریٹ میں 150 سنگل مردوں کے لئے بےگھر افراد کا شیلٹر تعمیر کرنے کے متعلق شہر کی تجویز کی مخالفت کا اظہار کرنے کے لئے سٹی ہال میں اکٹھے ہوئے۔




### بےگھر ہونا ایک اصل مسئلہ ہے لیکن بےگھر افراد کے شیلٹر اس کا حل نہیں ہیں

گزشتہ سال شہر نے 2501 86 اسٹیٹ میں 150 بستروں پر مشتمل بےگھر افراد کا شیلٹر بنانے کا اعلان کیا اور تب سے میں یہ یقینی بنانے کے لئے احتجاج کی سربراہی کر رہا ہوں کہ وہاں رہائش پذیر اور نزدیکی علاقوں میں رہائش پذیر اور ملازمت کرنے والے لوگوں کی خاطر یہ شیلٹر کبھی نہ کھلے۔





تصویر میں مجوزہ شیلٹر کے مقام پر کام کرتا ہوا مزدور دکھایا گیا ہے جو کسی حفاظتی سامان یا حتیٰ کہ حفاظتی ہیلمٹ کے بھی بغیر گہرے گڑھے میں کام کر رہا ہے

### ہم شیلٹر ڈیولپر کے ہر عمل پر نظر رکھے ہوئے ہیں

اسمبلی مین کولٹن اور کونسل ممبر ژوانگ نے ڈیولپر کو متنبہ کیا کہ منتخب کردہ افسران اور کمیونٹی کے ارکان پراپرٹی میں ہونے والے ہر کام پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔ جیسا کہ نیو یارک ٹائمز کے ایک حالیہ آرٹیکل نے واضح کیا ہے، بےگھر افراد کے شیلٹر سسٹم میں کئی خامیاں موجود ہیں۔ ٹائمز کے مطالعے کے مطابق گزشتہ چار سالوں میں 7,400 "سنگین واقعات" پیش آ چکے ہیں، جن میں 40 سے زائد جنسی حملے، چوری کے 140 واقعات اور "شیلٹرز میں یا ان کے گرد رہائشیوں کی طرف سے ایسی مجرمانہ سرگرمی جو کمیونٹی کے تحفظ کو خطرے میں مبتلا کرتی ہے" شامل ہیں۔

**مجوزہ شیلٹر کے خلاف احتجاج کے لئے 12,000 لوگوں نے 86 اسٹریٹ کا رخ کیا**

# لئے جدوجہد کر رہے ہیں

## کولٹن عوامی تحفظ کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں

### اسمبلی مین کولٹن نے ضمانت کی اصلاح کے خلاف ووٹ دیا (2019 بجٹ)

کولٹن نے دکانوں سے چیزیں چرانے والوں اور بار بار جرائم کرنے والوں کے لئے سزائیں بڑھانے کے حق میں ووٹ دیا (A.8805)۔ وہ پولیس کے ساتھ کھڑے ہیں اور ہمیشہ علاقے کا تحفظ یقینی بنانے کی کوشش کرتے ہیں۔






### کولٹن محفوظ تر سب ویز کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں

اسمبلی مین کولٹن نے ہمیشہ آواز اٹھائی ہے اور سب ویز اور اسٹیشنز پر مزید قانون نافذ کرنے والے افسران کی تعیناتی کا مطالبہ کیا۔

### کولٹن دکانوں سے چیزیں چرانے کے خلاف مقابلہ کر رہے ہیں

اسمبلی مین کولٹن نے NYPD کے دکانوں سے چوریوں کا مقابلہ کرنے کے متعلق توجہ میں اضافے کو سراہا۔ ہمارے مقامی کاروباروں کو دکانوں سے ہونے والی چوریوں کی وجہ سے نقصان کا سامنا ہے اور اس قسم کے جرائم پر توجہ دینے کی فوری ضرورت ہے۔







### کولٹن سینٹ ڈومینک کے چرچ میں توڑ پھوڑ کرنے والے کے لئے احتساب کا مطالبہ کرتے ہیں

اسمبلی مین کولٹن مطالبہ کرتے ہیں کہ جس بدمعاش نے سینٹ ڈومینیک کے چرچ کی کھڑکیاں اور مجسمے توڑے، اسے اس کے جرائم کی سزا دی جائے۔

ایسے حملوں کو برداشت نہیں کیا جانا چاہیے۔

# کولٹن ہماری کمیونٹی کے

## کولٹن تعلیم کے لئے جدوجہد کر رہے ہیں

ایک دہائی سے زیادہ وقت بطور استاد گزارنے کے باعث اسمبلی مین کولٹن ہمیشہ سے تعلیم کے چیمپیئن رہے ہیں اور ہمارے اسکولوں کے لئے جدوجہد کرتے رہے ہیں۔ اسمبلی مین ولیم کولٹن عوامی اسکولوں کو سپورٹ کرتے ہیں شہر سے تقاضا کرتے ہیں کہ وہ چھوٹے سائز کی کلاسوں کی مکمل فنڈنگ دے۔






### کولٹن سوشل میڈیا پر بچوں کی حفاظت کرتے ہیں

اسمبلی مین کولٹن نے سوشل میڈیا پر نابالغوں کو بےوقوف بنائے جانے کے بڑھتے ہوئے مسئلے کے حل کے لئے قانون (A.8148) کو مشترکہ طور پر اسپانسر کیا، اس مسئلے نے بچوں کی ذہنی صحت کے علاوہ اسکول کے اہم کام پر توجہ مرکوز کرنے کی صلاحیت پر بھی اثر ڈالا ہے۔

### کولٹن نوجوان اسکالرز کو مبارکباد دیتے ہیں

یہ جشن منانے کا وقت ہے! اسمبلی مین کولٹن اور ان کے قابل عملے نے گریجویشن کی 22 تقاریب میں شرکت کر کے علاقے بھر کے نوجوان اسکالرز کو مبارکباد دی۔






### کولٹن ڈیٹیکٹو وینجیئن لیو اسکول کو سراہتے ہیں

اسمبلی مین کولٹن کونسل ممبر سوسن ژوانگ کی ایک مقتول NYPD کھوجی کے نام پر عوامی اسکول کا نام رکھنے کی تاریخی کوشش کو سراہتے ہیں۔ ڈائکر ہائٹس میں PS 331 in کو سرکاری سطح پر ڈیٹیکٹو وینجیئن لیو اسکول برائے شہریت اور کارجوئی کا نام دیا گیا۔






## کمیونٹی کمیونٹی کی صفائی کے لئے رضاکاران بلا رہے ہیں

اسمبلی مین کولٹن نے ایک دہائی سے زیادہ وقت سے علاقے میں صفائی کی سربراہی کی ہے۔ اس موسم گرما میں وہ ہر دو ہفتے بعد صفائی کا انتظام شروع کریں گے، جس کا ہدف 86 اسٹریٹ اور بے پارک وے ہوں گے۔




## کولٹن فخر سے پرچم لہرانے والوں کو سلام پیش کرتے ہیں

اسمبلی مین کولٹن نے امریکی پرچم لہرانے والوں کو سلام کرنے کے لئے علاقے میں گاڑی چلائی۔ انہوں نے ان محب وطن مالک مکانوں کو مبارکباد دینے اور سراہنے کے لئے خط ارسال کیے۔

Community Office, 155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223

اسمبلی مین

# WILLIAM COLTON



## کولٹن ہمارے لئے جدوجہد کر رہے ہیں

- بےگھر افراد کے عارضی شیلٹرز کے خلاف (صفحہ 1)
- جرائم کے خلاف (صفحہ 2)
- اسکول کے بجٹ میں کٹوتیوں کے خلاف (صفحہ 3)

موسم گرما 2024

## اسمبلی مین کولٹن کا کمیونٹی دفتر آپ کی خدمت میں حاضر ہے

**155 Kings Highway, Brooklyn, NY 11223**
(ویسٹ 12 اور ویسٹ 13 اسٹریٹ کے درمیان)

**ٹیلیفون: (718) 236-1598 • ای میل: coltonw@nyassembly.gov**

**پیر تا بدھ.................... صبح 10:00 تا شام 4:00 بجے**
**جمعرات.................... دوپہر 12:00 تا رات 8:00 بجے**
**جمعہ .................... صبح 10:00 تا دوپہر 12:00 بجے**

ہم درج ذیل کے متعلق آپ کی مدد کریں گے: چھوٹے کاروباروں کے خدشات + رہائش کے مسائل + HEAP + SCRIE / DRIE + STAR /E-STAR + ہارٹ شیئر + SNAP + صحت کا بیمہ + ریاستی/شہری ایجنسیوں کے مسائل + معیار زندگی کے مسائل + ٹریفک کے مسائل + ٹریفک کے حفاظتی اقدامات، جیسے ٹریفک لائٹس، اسپیڈ بریکر، گڑھے اور خطرناک کیفیات ٹھیک کروانا اور بہت کچھ